# ماڈل پیپر تعلیمی سیشن 2016-18 و مابعد

جنرل ریاضی (آرٹس گروپ) جماعت نہم — (سیکنڈری) — وقت : 2:10

(انشائیہ) — نمبر : 60

## حصہ اوّل

**2- کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (12 = 6 x 2)

- i) 0.25 کو فیصد میں تبدیل کریں۔
- ii) ایک کلوگرام اور 900 گرام میں کیا نسبت ہے؟
- iii) تناسب معکوس کی تعریف کریں۔
- iv) نصاب سے کیا مراد ہے؟
- v) قدرتی وسائل سے تیار کردہ 700000 کلو چاول کی فصل پر عشر کی رقم معلوم کریں۔
- vi) ایک آدمی نے 8700000 روپے کی جائیداد چھوڑی۔ اگر اس کا کوئی بچہ نہیں تھا۔ تو بیوہ کا حصہ معلوم کریں۔
- vii) قیمت خرید سے کیا مراد ہے؟
- viii) ایک شیونگ کریم کی پرنٹڈ قیمت 185 روپے ہے۔ اگر قیمت فروخت 175 روپے ہو تو ڈسکاونٹ کیا ہے؟
- ix) کاروباری شراکت سے کیا مراد ہے؟

**3- کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (12 = 6 x 2)

- i) عظیم کی آنٹی شکاگو میں رہتی ہے۔ اس نے عیدالفطر پر عظیم کو 50 ڈالر بھیجے۔ اگر روپوں کی کوئی کٹوتی نہ ہو۔ تو عظیم کو کتنے روپے ملے؟
- ii) کس شرح سے 5 سال میں 10000 روپے دوگنے ہو جائیں گے۔
- iii) بیعانہ کی تعریف کریں۔
- iv) سیلز ٹیکس کیا ہے؟
- v) ایک بائیسائیکل کی قیمت -/14000 روپے ہے۔ اگر 17 فیصد سیلز ٹیکس وصول کیا جائے۔ تو اس طرح کی 40 بائیسائیکل کی قیمت معلوم کریں
- vi) ذاتی آمدنی کی تعریف کریں۔
- vii) مختصر کریں اور جواب صرف مثبت قوت نما استعمال کر کے لکھیں۔ $(a^{m/3} \quad b^{n/2})^{-6}$
- viii) 0.0099921 کو سائنسی ترقیم میں لکھیں۔
- ix) $\log_x 9216$ میں x کی قیمت معلوم کریں۔

**4- کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔** (12 = 6 x 2)

- i) 6 اور 15 کا جمعی وسط معلوم کریں۔
- ii) 81 اور 16 کا درمیان ضربی وسط معلوم کریں۔
- iii) دو سیٹوں کے تقاطعے سے کیا مراد ہے؟
- iv) ثنائی ربط کی رینج سے کیا مراد ہے؟
- v) ایک نقطہ جو y- محور پر x- محور سے نیچے 5 یونٹس کے فاصلہ پر ہو کے محددات لکھیں۔
- vi) تحویلی گراف کی تعریف کریں۔
- vii) کالمی نقشہ سے کیا مراد ہے؟
- viii) گروہی مواد کیلئے وسطانیہ کا فارمولہ لکھیں۔
- ix) معیاری انحراف کی تعریف کریں۔

Result.pk

## حصہ دوم

**نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے جبکہ سوال نمبر 9 لازمی ہے۔** (24 = 8 x 3)

5- (ا) اگر ایک ہوٹل میں 28 دن کیلئے 12 آدمیوں کے قیام پر 6720 روپے خرچ ہوتے ہیں۔ تو ہوٹل میں 14 دنوں کیلئے 8 آدمیوں کے قیام کا خرچہ معلوم کریں۔ (04)

(ب) ایک خاتون نے وفات پر 8500000 روپے کی جائیداد چھوڑی۔ اگر اس کے دو بچے ہوں۔ تو اس کے شوہر کا حصہ معلوم کریں۔ (04)

6- (ا) احمد اور سلمان نے 7500000 روپے میں ایک پلاٹ خریدا۔ ان کی سرمایہ کاری کی نسبت 2:3 ہے۔ انہیں 225000 روپے کا منافع حاصل ہوا۔ ہر ایک کا حصہ معلوم کریں۔ (04)

(ب) اسلم ایک نئی گاڑی خریدنا چاہتا ہے اور اسے 700000 روپے کی فنانسنگ کی ضرورت ہے۔ ڈیلر شپ اس کو 13.5 فیصد کی سادہ سود کی شرح 5 سال تک ایک قسط کی منصوبہ بندی کی پیش کش کرتا ہے۔ ماہانہ قسط معلوم کریں۔ (04)

7- (ا) ایک ٹیلی ویژن کی قیمت جس میں 14 فیصد سیلز ٹیکس شامل ہے۔ 27500 روپے ہے۔ ٹیلی ویژن کی اصل قیمت معلوم کریں۔ (04)

(ب) اگر log 5 = 0.6990 و log 3 = 0.4771 اور log 2 = 0.3010 ہو تو log 0.072 کی قیمت بغیر کیلکولیٹر استعمال کیے معلوم کریں۔ (04)

8- (ا) اگر 9 اور b کے درمیان جمعی وسط (A.M) 3 - ہے تو b معلوم کریں۔ (04)

(ب) اگر A = {1 , 2 , 3} , B = {a , b} تو B سے A میں تین ثنائی روابط معلوم کریں۔ (04)

9- (ا) y = 2x کا گراف بنائیں۔ (04)

(ب) 41 , 51 , 61 , 71 , 31 , 21 , 11 کا عادہ اور وسطانیہ معلوم کریں۔ (04)

(ختم شد)

# ماڈل پیپر تعلیمی سیشن 2016-18 ومابعد

جنرل ریاضی (آرٹس گروپ) جماعت نہم (سیکنڈری) وقت : 20 منٹ

(معروضی) نمبر : 15

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ (15)

| نمبر شمار | سوالات | جوابات ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تناسب 3:5 : : x:20 میں x کی قیمت ہے۔ | 20 | 12 | 5 | 3 |
| 2 | 150 کا 40 فیصد ہوتا ہے۔ | 30 | 60 | 80 | 100 |
| 3 | شوہر کی اولاد کی عدم موجودگی میں بیوہ کا حصہ ہوگا۔ | $\frac{1}{8}$ | $\frac{2}{3}$ | $\frac{1}{4}$ | $\frac{1}{2}$ |
| 4 | منافع حاصل ہوتا ہے۔ اگر | SP = CP | SP > CP | SP < CP | SP + CP = O |
| 5 | اگر حارث اور مجیب 2:3 کی نسبت سے سرمایہ کاری کریں۔ تو 250000 روپے منافع میں حارث کا حصہ ہے | 10,000 | 15,000 | 100,000 | 150,000 |
| 6 | ایک بینک کی طرف سے کسی بھی دوسرے بینک کو کسی شخص کے نام اس کے مطالبہ پر رقم ادا کرنے کا حکم ہے۔ | پے آرڈر | چیک | بینک ڈرافٹ | تبادلہ بل |
| 7 | گاہک کو نقد رقم تقسیم کرنے کیلئے بینک کی طرف سے نصب ایک مشین کو کہا جاتا ہے۔ | کمپیوٹر | ATM | سکینر | کارڈ ریڈر |
| 8 | آمدنی اور منافع کے تناسب کے لحاظ سے جو رقم حکومت کو ادا کی جاتی ہے۔ اسے کہتے ہیں۔ | ٹیکس | چھوٹ | جی ایس ٹی | ایف ای ڈی |
| 9 | $a^{1/n} =$ | $a^n$ | $\sqrt[n]{a}$ | $a^{-n}$ | $\sqrt{a^n}$ |
| 10 | اگر $a^y = x$ ہو تو | $x = \log_a y$ | $y = \log_a x$ | $y = \log_x a$ | $x = \log_y a$ |
| 11 | جمعی سلسلہ کی کسی بھی دو مسلسل ٹرم کا فرق ہے۔ | جمعی وسط | ضربی وسط | مشترکہ نسبت | مشترکہ فرق |
| 12 | A.P. کی n ویں ٹرم ہے۔ | a + nd | a + (n - 1) d | $a + \frac{d}{n}$ | ان میں سے کوئی نہیں |
| 13 | اگر U کائناتی سیٹ ہے۔ تو $A \cap A^c =$ | A | $A^c$ | $\varnothing$ | U |
| 14 | مبداء کے محددات ہیں۔ | (0 , 0) | (1 , 0) | (0 , 1) | (1 , 1) |
| 15 | تمام قیمتوں کو جمع کر کے ان قیمتوں کی تعداد پر تقسیم سے حاصل ہوتا ہے۔ | اوسط | وسطانیہ | عادہ | اوزانی اوسط |

Result.pk

(ختم شد)